USAID
امریکی عوام کی طرف سے

University of
veterinary & Animal
Sciences Lahore

DRDF
Dairy and Rural
Development
Foundation

بھیڑ / بکریوں میں
چند اہم متعدی امراض

ڈیری پراجیکٹ
DAIRY PROJECT

متعدی بیماریاں
بھیڑ/ بکریوں میں متعدی امراض
اور
اُن کا علاج

Disclaimer

This publication is made possible by the support of the American people through the United States Agency for International Development (USAID). The views expressed in this publication are the authors' views and they do not necessarily reflect the opinion of USAID or the United States Government.

ISBN : 978-969-9170-05-8
نظر ثانی شدہ طباعت
اشاعت زیر اہتمام

ڈیری پراجیکٹ

بھیڑ/بکریوں میں متعدی امراض اور اُن کا علاج

مصنفہ: ڈاکٹر ثوبیہ ناہید
مصنف: پروفیسر ڈاکٹر محمد ظفر اقبال

بشکریہ: یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز
معاشرتی و دیہی ترقی بذریعہ لائیوسٹاک ڈویلپمنٹ و قرضہ جات (پراجیکٹ)
ایڈیٹر: شاذیہ اسلام

اس کتابچے کی کسی بھی قسم کی خرید و فروخت اور ترسیل
ادارے کی پیشگی اطلاع اور مرضی سے کی جا سکتی ہے۔

DRDF Dairy Project Office (PMU)
Room # 2, 1st Floor, 172 Tufail Road,
The Mall of Lahore, Cantt Lahore.
PH: 042-36622340-3, Fax: 042-36622344
www.dairyproject.org
info@dairyproject.org

فہرست

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
-1	انتڑیوں کا زہر (اینٹرو ٹوکسیمیا)	05
-2	متعدی نمونیا	07
-3	منہ پکنا	08
-4	فُٹ رَوٹ	10
-5	بھیڑ/ بکریوں میں کاٹا یا پی پی آر کا مرض	11

کتابچے کے مقاصد

یہ کتابچہ عام فہم زبان میں مرتّب کیا گیا ہے، جس کا مقصد میٹرک یا اس کے مساوی تعلیم یافتہ خواتین کو اس قابل بنانا ہے کہ وہ،

1- بھیڑ/ بکریوں کے متعدی امراض کی شناخت کرسکیں۔

2- متعدی امراض سے بچاؤ پر بحث کرسکیں اور دیہی خواتین میں اس کے متعلق شعور اُجاگر کرسکیں۔

3- متعدی امراض کی وجوہات کے متعلق گاؤں کی سطح پر توسیع کا کام کرسکیں۔

انتڑیوں کا زہر (اینٹرو ٹوکسیمیا)

وجہ: بیکٹیریا

موسم: سارا سال کسی بھی وقت، خصوصاً اُن جانوروں میں جو برسات کے بعد اور بہار کے موسم میں پیدا ہوتے ہیں۔

نقصان

1- شدید حملے کی صورت میں یہ بیماری وبا کی شکل اختیار کر لیتی ہے اور جانور کی موت واقع ہو جاتی ہے۔

2- اس بیماری میں صحت مند جانور زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔

علامات

1- بخار

2- لڑکھڑاہٹ

3- جبڑے چبانا

4- سر جھٹکنا اور تشنج

5- بعض اوقات اپھارہ ہونا

6- کچھ جانوروں میں پیچش شروع ہونا

علاج

سلفاڈیماڈین کا ٹیکہ لیبل پر درج ہدایات کے مطابق لگائیں۔



حفاظتی تدابیر

حاملہ جانور کو بچے کی پیدائش سے 1 سے 2 ماہ پہلے حفاظتی ٹیکہ لگوائیں۔

ٹیکے کی خوراک

3 ماہ کی عمر کے لیے: 1 یا 2 ملی لٹر زیرِ جلد

بالغ جانور کے لیے: 3 ملی لٹر زیرِ جلد

حفاظتی ٹیکے سال میں دو بار نومبر، دسمبر اور مئی، جون کے مہینوں میں لگوائیں۔

حفاظتی ٹیکے کا ردِعمل

1- بارش کے دوران ٹیکہ لگانے سے ٹیکے کی جگہ پر اکثر پھوڑا بن جاتا ہے۔ ٹیکہ لگانے سے پہلے بوتل پر درج ہدایات پڑھ لیں۔

متعدی نمونیا

علامات

1- بخار

2- جانور کا جسم سمیٹ کر بیٹھنا

3- سانس لینے میں دُشواری

4- ناک سے رطوبت بہنا

5- کھانسنا

6- سانس لینے کے دوران آواز نکلنا

7- کمزور ہونا

علاج

-1 سیلائین ایلیکچری کا استعمال کروائیں۔



-2 بخار کے خلاف ٹیکہ لگائیں۔

-3 طاقت کا ٹیکہ لگائیں۔

-4 براڈسپیکٹرم اینٹی بائیوٹک کا ٹیکہ 5 سے 6 دن تک پٹھوں میں لگائیں۔

منہ پکنا

وجہ: اس بیماری کی وجہ ایک وائرس ہوتا ہے۔

موسم: سارا سال کسی بھی موسم میں یہ بیماری ہو سکتی ہے۔

علامات

-1 کھانے میں بے رغبتی ہونا

-2 ہونٹوں پر چھالے جو بعد میں کھُرنڈ بن جاتے ہیں۔

-3 شدید حالت میں بخار ہونا

-4 جسم کے باقی حصوں پر دانے ہو جانا

علاج

-1 پوٹاشیم پرمینگنیٹ (لال دوا) کے 0.1 فیصد محلول سے ہونٹوں کے چھالے صاف کریں۔

-2 کھُرنڈ کے زخم مندمل کرنے کے لیے جنشن وائیلٹ اور گلیسرین ملا کر لگائیں۔

-3 مندرجہ ذیل نسخہ بھی استعمال کیا جاسکتا ہے :-

چُونے کا پانی	=	ایک حصّہ
نوشادر کا محلول	=	ایک حصّہ
تیل سرسوں	=	دوحصّے

(باہم ملا کر زخموں پر لگائیں)

-4 بخار کی حالت میں براڈسپیکٹرم اینٹی بائیوٹک کا عضلاتی ٹیکہ 5 سے 6 دن تک لگائیں۔

حفاظتی تدابیر

-1 بیمار جانور کو الگ رکھیں۔

-2 ہر طرح کی صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

فُٹ رَوٹ

فُٹ رَوٹ کُھر اور کُھروں کے اِردگرد کی جلد کو متاثر کرتا ہے۔

وجہ: بیکٹیریا

موسم: سارا سال کسی بھی موسم میں

علامات

1- کُھروں کی درمیانی جگہ بدبودار، متورم اور گلنی شروع ہو جاتی ہے۔

2- جانور چلنے میں تکلیف محسوس کرتا اور لنگڑاتا ہے۔

علاج

براڈسپیکٹرم اینٹی بائیوٹک کا ٹیکہ اور بخار کم کرنے کا ٹیکہ لگائیں اور کُھر صاف کرکے پوٹاشیم پرمینگنیٹ یا پائیوڈین لگا کر پٹی کر دیں۔

حفاظتی تدابیر

بیمار جانور کو دوسرے جانوروں سے الگ کر لیں۔

بھیڑ/ بکریوں میں کاٹا یا پی پی آر کا مرض

یہ ایک خطرناک، مہلک اور متعدی بیماری ہے۔

مرض کا پھیلنا

1- یہ مرض متاثرہ جانور کی آنکھوں، ناک اور منہ سے بہنے والے پانی اور اسہال کے ذریعے صحت مند جانوروں میں منتقل ہوتا ہے۔

2- کھانے پینے کے برتن، جانوروں کا آپس میں قریبی تعلق اور بچھالی وغیرہ اس مرض کے پھیلنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

3- بیمار جانور کے کھانسنے اور چھینکنے کے عمل سے خارج ہونے والے چھوٹے آبی بخارات ہوا میں معلق ہونے کے باعث صحت مند جانوروں میں اس وائرس کے داخل ہونے کا سبب بنتے ہیں۔

4- مختلف جگہوں پر لگنے والی مویشی منڈیاں بھی اس بیماری کے پھیلاؤ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

علامات

اس بیماری کی علامات جانور کے جسم میں جرثومہ داخل ہونے کے 2 سے 6 دن کے اندر اندر ظاہر ہوتی ہیں۔

1- بیماری کی ابتدا تیز بخار سے ہوتی ہے جو کم از کم 104 سے 106 ڈگری فارن ہائیٹ تک ہوتا ہے۔

104-106 ڈگری فارن ہائیٹ

2- متاثرہ جانور نمایاں طور پر سُست اور نیند کی حالت میں ہوتے ہیں۔

3- اس حالت کے فوراً بعد آنکھوں، ناک اور منہ سے پانی بہنا شروع ہو جاتا ہے، جو

بعد میں دیگر جراثیم (بیکٹیریا) کے حملے کے باعث گاڑھا اور پیلا ہو جاتا ہے۔ اس کے خشک ہونے پر آنکھیں چپک جاتی ہیں اور ناک بند ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ سانس لینے میں بھی دُشواری پیش آتی ہے۔

4- بخار کی علامات ظاہر ہونے کے تقریباً 2 دن بعد آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں۔

5- منہ، مسوڑھوں، زبان اور ہونٹوں کے اندر دانے بن جاتے ہیں۔



6- بخار کے 2 سے 3 دن بعد جلاب لگ جاتے ہیں۔ اگرچہ بیماری کی ابتدا یا کم

شدت کی صورت میں اس علامت کا ظاہر ہونا ضروری نہیں ہے۔ ابتدا میں فضلہ نرم، پتلا اور بدبودار ہوتا ہے اور اُس میں خون بھی پایا جاتا ہے۔

7- متاثرہ جانور تیز سانس لیتا ہے جبکہ بیماری کی شدت کی وجہ سے سانس لینا دُشوار ہو جاتا ہے۔ نیز نمونیا سے ملتی جُلتی علامات پائی جاتی ہیں۔

علاج

1- بخار کے خلاف ٹیکہ لگائیں مثلاً سٹرانگ پائیرین۔

2- منہ کے دانوں کے لیے گلیسرین لگائیں۔

3- 5-6 دن اینٹی بائیوٹک (براڈسپیکٹرم) کا کورس کروائیں۔



سٹرانگ پائیرین

اہم نکات

بہتر تربیت، اعلیٰ ہنر اور آپ کی محنت
دے بہترین سہولیات اور خوشحالی کی ضمانت

تربیت کے فوائد اور مقاصد

- منتخب پراجیکٹ ایریا میں تربیت یافتہ دیہی خواتین کی بروقت اور بہتر بنیادی ایکسٹینشن خدمات جیسے دواؤں کی فروخت ویکسینیشن، بنیادی علاج معالجہ کے ذریعے مویشیوں کی صحت، پیداوار اور افزائش کو بہتر بنانا۔
- پراجیکٹ ایریا میں اچھے دودھ کی پیداوار میں مناسب حد تک اضافہ
- دیہی خواتین کو تکنیکی تربیت کے ذریعے مویشی بانی، ونڈا فروخت کرنا، دودھ اکٹھا کرنا، مرغبانی اور ڈیری سے متعلق دیگر چھوٹے کاروبار کرنے کے طریقے سکھانا تاکہ انہیں معاشی اعتبار سے خودمختار بنایا جاسکے۔
- لائیوسٹاک و ڈیری سیکٹر کی ترقی کے ذریعے گھرانوں کو معیاری خوراک کی فراہمی اور دیہی سطح پر مجموعی ترقی و خوشحالی میں اضافہ

DRDF Dairy Project Office (PMU)
Room # 2, 1st Floor, 172 Tufail Road,
The Mall of Lahore, Cantt Lahore.
PH: 042-36622340-3, Fax: 042-36622344
www.dairyproject.org
info@dairyproject.org

Designed & Printed by GENERA 042 37586064